نیو یارک سٹی
میں کام کرنے کے اپنے حقوق کے بارے میں جانیں

آپ کے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- آپ نے کل جتنے گھنٹے کام کیے ان کے لیے آپ کو پوری کی پوری، متفقہ رقم ادا کی جائے۔
- کم از کم NYC کی اقل اجرت ادا کی جائے اور فاضل وقت کی ادائیگی کی جائے۔
- صحت مند اور محفوظ ماحول میں کام کریں جو امتیازی سلوک، جنسی ہراسانی، بدسلوکی، اور آپ یا آپ کی فیملی کے تئیں دھمکیوں سے پاک ہو۔
- کام پر خود کو محفوظ رکھنے کے لیے معلومات اور تربیت موصول کریں۔
- جائے کار میں پہنچنے والے ضرر کے لیے طبی علاج موصول کریں۔
- انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر سرکاری دفاتر، تارک وطن اور حقوق مزدور گروپوں، اور یونینوں سے مدد کی درخواست کریں۔
- 14 اور 17 سال کی درمیانی عمر میں کام کرتے ہوئے اضافی قانونی تحفظات حاصل ہوں۔

کارکنان کے حقوق کے بارے میں مزید تفصیلات اور معلومات کے لیے **NYC محکمہ برائے صارف اور کارکنان کا تحفظ (NYC Department of Consumer and Worker Protection, DCWP)** کی ویب سائٹ www.nyc.gov/dca پر ملاحظہ کریں اور "Workers" (کارکنان) پر کلک کریں۔ آپ ذیل کا QR کوڈ اسکین کر کے بھی **NYC کا کارکنان کے حقوق کا مسودہ قانون (NYC Workers' Bill of Rights)** اردو میں پڑھ سکتے ہیں۔

Mayor's Office to End Domestic and Gender-Based Violence

Urdu

مزدور کے استحصال کی امکانی نشانیاں
اور غیر قانونی تجارت

NYC میں، آپ کے آجر کو نہیں چاہیے کہ –

- آپ کو یہ بتائے کہ آپ کو قرض کا تصفیہ کرنا ہے یا آپ کو قرض کا تصفیہ کرنے پر مجبور کرے۔
- آپ کی تنخواہ کاٹے یا آپ کو ادائیگی کرنے سے منع کرے۔
- آپ کی ID، پاسپورٹ، یا سفری دستاویزات پر کنٹرول رکھے۔
- ایسا وعدہ کرے جسے وہ پورا نہ کر سکے جیسے آپ یا آپ کی فیملی کے لیے گرین کارڈ کے لیے درخواست دینا۔
- اگر آپ کام نہیں کرتے ہیں تو ICE یا پولیس کو کال کرنے کی دھمکی دے۔
- آپ یا آپ کی فیملی کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دے۔
- آپ کو یا فیملی ممبر کو نقصان پہنچائے۔
- آپ کو جنسی اعمال انجام دینے پر مجبور کرے ۔
- آپ کو ایسا کام کرنے پر مجبور کرے جسے کرنے پر آپ متفق نہ ہوں۔
- آپ کی نقل و حرکت یا جاب سائٹ چھوڑنے کی آپ کی اہلیت محدود کرے، خاص طور پر جب آپ اس دن کا کام پورا کر چکے ہوں۔
- آپ کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھے یا آپ کو الگ تھلگ یا محبوس رکھے۔

اگر آپ کا آجر مذکورہ بالا میں سے کوئی بھی کام کرتا ہے تو، ممکن ہے وہ آپ کا استحصال کر رہے ہوں یا آپ سے غیر قانونی طور پر محنت کروا رہے ہوں۔ سٹی آف نیو یارک آپ کی مدد کے لیے حاضر ہے۔ آپ کے لیے دستیاب خدمات اور مدد کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، آپ **1-800-621-4673** پر کال کر سکتے ہیں یا www.nyc.gov/NYCHOPE کو ملاحظہ کر سکتے ہیں۔